سوال

(224) نماز جمعہ میں حالتِ تشہد میں ملنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

اگر کسی شخص کو جمعہ کے دن امام اس حالت میں ملے کہ تشہد میں ہو۔ اور وہ شخص جماعت میں شامل ہوجائے تو آیا وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد دو (2) رکعت ادا کرے گا یا چار (4) رکعت؟ (محمد شاہد میمن)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ شخص ظہر کی چار رکعتیں پڑھے گا۔ اسی پر امام ابن منذر النیسا بوری نے اجماع نقل کیا ہے (الاجماع ص38 رقم 56۔ الاوسط ج4 ص107) (شہادت، جولائی 2001)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔ کتاب الصلاۃ۔ صفحہ451

محدث فتویٰ